THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Monday, October 31, 2011
(74th Session)
Volume VII, No. 04
(Nos. 01-08)

CONTENTS

Pages

1. Recitation from the Holy Quran…………………………….…………… 1
2. Leave of Absence………………………………………….….…….. 2
3. Point of order:
   * Deplorable conditions in FATA………….……….....……. 8-11
4. Privilege Motions:
   * Azakhel Dry Port………………………………...………….. 12-13
   * Baggage missed by PIA……...……………….…..………….. 14
5. Points of order:
   * Devolution of powers not being implemented…..…………... 15-17
   * Dual citizenship disqualifies the member………...…..……… 18-19
   * Miserable conditions of women and the Crisis Centres……… 20
   * Compensation for flood hit areas…………………...………... 21-24
6. Legislative Business:
   * [The Right to Free and Compulsory Education Bill, 2011]….. 27-32
   * [The Journalists Protection and Welfare Bill, 2011]…..….…. 33-42
7. Points of Order:
   * Pakistan's nomination as a Non-permanent Member of the UN General Assembly…………………………………….…….… 43-44

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad.

Volume-VII — SP.VII(04)/2011
No. 04 — 130

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Monday, October 31, 2011

The Senate of Pakistan met in the National Assembly Hall (Parliament House) Islamabad, at forty minutes past four, in the evening with Mr. Acting Chairman (Mr. Jan Muhammad Khan Jamali) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ۝١ الَّذِىْ جَمَعَ مَالًا وَّ عَدَّدَهٗ ۝٢ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗٓ اَخْلَدَهٗ ۝٣ كَلَّا
لَيُنْۢبَذَنَّ فِى الْحُطَمَةِ ۝٤ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝٥ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝٦ الَّتِىْ تَطَّلِعُ
عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝٧ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝٨ فِىْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝٩

ترجمہ: ہر اس شخص کیلئے ہلاکت ہے جو (روبرو) طعنہ زنی کرنے والا ہے (اور پس پشت) عیب جوئی کرنے والا ہے۔ (خرابی و تباہی ہے اس شخص کیلئے) جس نے مال جمع کیا اور اسے گن گن کر رکھتا ہے۔ وہ یہ گمان کرتا ہے کہ اس کی دولت اسے ہمیشہ زندہ رکھے گی۔ ہر گز نہیں! وہ ضرور حطمہ (یعنی چورا چورا کر دینے والی آگ) میں پھینک دیا جائے گا۔ اور آپ کیا سمجھے ہیں کہ حطمہ (چورا چورا کر دینے والی آگ) کیا ہے؟ (یہ) اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے۔ جو دلوں پر (اپنی اذیت کے ساتھ) چڑھ جائے گی۔ بیشک وہ (آگ) ان لوگوں پر ہر طرف سے بند کر دی جائے گی۔ (بھڑکتے شعلوں کے) لمبے لمبے ستونوں میں (اور ان لوگوں کے لئے کوئی راہ فرار نہ رہے گی۔

(سورۃ الھمزۃ آیات 1 تا 9)

جناب قائم مقام چیئرمین: جزاک اللہ۔ حافظ رشید صاحب تشریف رکھیئے، پہلے leave applications پڑھ لوں۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: جناب چیئرمین! میں نے ایک چھوٹی سی گزارش کرنی ہے۔

سینیٹر انجینیئر ملک رشید احمد خان: جناب چیئرمین! کورم پورا نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: میں گنتی کرتا ہوں۔ پورا ہو گیا ہے، 25 ہوگئے ہیں۔ بخاری صاحب آگئے ہیں، ان کے آنے سے 25 ہوگئے اور اگر یہ نہ آتے تو کورم پورا نہ ہوتا۔ میں نے گنتی کر لی ہے، پانچویں تک میں حساب میں بہت اچھا تھا اور جب سینیئر ہوتا گیا تو حساب میں کمزور ہوتا گیا، زندگی بے حساب ہوتی چلی گئی۔ پہلے میں leave applications پڑھ لوں۔

Leave of Absence

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب محمد اسحاق ڈار صاحب نے ناسازی طبیعت کی بنا پر آج مورخہ 31 اکتوبر کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب طلحہ محمود صاحب ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ 26 تا 28 اکتوبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: ڈاکٹر اسمٰعیل بلیدی صاحب نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ 31 اکتوبر تا اختتام حالیہ اجلاس ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: نوابزادہ میر حاجی لشکری رئیسانی صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 31 اکتوبر تا اختتام حالیہ اجلاس، ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: میاں رضا ربانی صاحب نے ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ 31 اکتوبر تا 2 نومبر ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: سید نوید قمر صاحب نے اطلاع دی ہے کہ وہ فریضہ حج کی ادائیگی کے لیے جا رہے ہیں اس لیے مورخہ 31 اکتوبر تا اختتام حالیہ اجلاس شرکت نہیں کر سکیں گے۔ جناب بابر خان غوری صاحب نے اطلاع دی ہے کہ وہ کراچی میں پہلے سے طے شدہ مصروفیات کی بنا پر آج مورخہ 31 اکتوبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ جی صابر بلوچ صاحب! آپ کوئی بہت ضروری بات کرنا چاہتے تھے۔

سینیٹر صابر علی بلوچ: شکریہ جناب چیئرمین۔

It is a very important point of order to me and for my party, for the country, for the Constitution, for the rule of law.

جناب قائم مقام چیئرمین: صابر صاحب! مجھے ایک منٹ دیں۔ نیر بخاری صاحب! اگر ابھی ہم نے points of order شروع کر دیئے تو پھر یہ Private Members' Day کی کارروائی نہیں ہو پائے گی۔آپ فیصلہ کریں کہ کیا کرنا چاہیئے۔

سینیٹر سید نیر حسین بخاری (قائد ایوان): یہ point of order کی discretion تو آپ کے پاس ہے لیکن جہاں تک Private Members' Day کا تعلق ہے تو what is the sense of the House? Is to proceed or not?

جناب قائم مقام چیئرمین: دیکھ لیں، پوچھ لیں، ہمارے Leader of the Opposition توحج پر گئے ہوئے ہیں۔

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: If members want points of order then it is up to you, if they want their legislative business, that too is up to you.

جناب قائم مقام چیئرمین: صحیح ہے۔ راجا صاحب کہہ رہے ہیں business کر لیں۔ Points of order سے پہلے ہم نے privilege motion کرنا ہوتا ہے۔

سینیٹر صابر علی بلوچ: جناب چیئرمین! آپ نے مجھے اجازت دے دی ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: چلیں ٹھیک ہے آپ کر لیں، آپ کے بعد جمال خان لغاری صاحب کا privilege motion ہے۔

سینیٹر صابر علی بلوچ: جناب عالی! میرا point of order اس لیے important ہے کہ جمعہ کے دن لاہور بھاٹی گیٹ کی گلی میں وزیراعلیٰ پنجاب نے تقریر کی۔ ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں کہ وہ جلسہ کتنا بڑا تھا اور کتنا چھوٹا تھا، عمران خان کا جلسہ کتنا بڑا تھا یا کتنا چھوٹا تھا لیکن important بات یہ ہے کہ ہم ماضی میں ان ادوار سے گزرے ہیں، اسی لاہور میں آج سے 25,30 سال پہلے ہنری کسنجر نے جناب ذوالفقار علی بھٹو شہید کو دھمکی دی تھی کہ I will make you an example اور سب نے دیکھا کہ اس کا انجام کیا ہوا۔

میں خاص طور پر راجا ظفرالحق صاحب کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں، کاش کہ ڈار صاحب بھی یہاں موجود ہوتے، یہ بہت سنجیدہ لوگ ہیں، راجا صاحب democratic values کو سمجھتے ہیں، انہوں نے ایک عمر سیاست میں گزاری ہے، انہوں نے بڑی عزت کی سیاست کی ہے لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جو derogatory remarks صدر مملکت کے لیے Chief Minister Punjab نے دیئے،اس کی جو اپنی fussy ذہنیت ہے، اس کی language traitor کے ذہن کی ہے، اس کا capricious and (xxx) attitude تھا۔ یہ سب چیزیں اس کو زیب نہیں دیتیں۔ انہوں نے یہ کہا ہے کہ میں صدر پاکستان کو لٹکا دوں گا۔ ہمیں پتا ہے کہ وہ ضیا کے school of thought کا بندہ ہے اوراس سے تعلق رکھتا ہے۔ لاہور میں بیٹھ کر وہ آئین کے custodian کو لٹکانے کی بات کرتا ہے، آئین کو پامال کرنے کی بات کرتا ہے، rule of law کو ختم کرنے کی بات کرتا ہے۔ وہ شہزادہ جو

محلوں میں رہتا ہے، وہ پنجاب کی ایک چھوٹی سی گلی میں بیٹھ کر اپنی ایجنسیوں کے نمائندوں کے سامنے پیپلز پارٹی کی leadership اور اس کے کارکنوں کو لٹکانے کی بات کرتا ہے۔

جناب والا! وہ کونسی سیاست کر رہا ہے۔ کیا اسے چھوٹے صوبوں کے لوگ ہضم نہیں ہوتے۔ پنجاب کے لوگ عظیم ہیں، پنجاب کے لوگوں نے ہمیشہ پیپلز پارٹی کا ساتھ دیا ہے۔ ہمیں اس قسم کی دھمکیوں سے کوئی فرق نہیں پڑتا لیکن افسوس شہباز شریف کے ساتھ نہیں ہے، افسوس مجھے راجا محمد ظفر الحق صاحب جیسے شخص کے ساتھ ہے، مجھے اسحاق ڈار صاحب کے ساتھ افسوس ہے، مجھے ان بڑے caliber کے لوگوں کے ساتھ افسوس ہے جو traitor کا ساتھ دے رہے ہیں، اس (XXXXX)[1] کا ساتھ دے رہے ہیں جو پاگل ہے، جس کا علاج کرنے کی ضرورت ہے۔ راجا صاحب! میں خاص کر آپ کو اور میرے محترم جناب اسحاق ڈار صاحب کو عرض کرتا ہوں کہ خدا کے واسطے یہ leadership اپنے ہاتھ میں لیں تاکہ ایک democratic process چلے تاکہ ایک طریقہ کار چلے۔ جناب والا، یہ issue چھوٹا issue نہیں ہے۔ آج اگر اس کی عمران خان کے ساتھ problem ہے that is not our problem اس کا ہمارے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہے، اس کے ساتھ ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے۔ وہ جانے اس کا جلسہ جانے اور لیکن اس ایوان میں، میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ یہ پورے ایوان کی، پورے آئین کی، پورے قانون کی، پورے پاکستان کی توہین ہے، اس لیے کہ صدر مملکت ایک elected President ہے وہ Parliament کا elected شخص ہے، تمام صوبوں نے اس کو ووٹ کیا ہے اور ایک (XXXX) شخص کھڑا ہو کر کہتا ہے اور جو ایک still minded شخص ہے کہتا ہے میں اس کو لٹکاؤں گا اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے اور مجھے امید ہے کہ راجا ظفر الحق صاحب، ڈار صاحب بھی اس کی بھرپور مذمت کریں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔ (XXXXX) کا لفظ حذف کرتے ہیں، وہ ہمارے standards پر نہیں ہے۔ میں پہلے دو privilege motions لے لیتا ہوں پھر points of order پر آجاتے ہیں۔ ایک منٹ! باری باری کر لیں گے نماز سے پہلے بھی کچھ لے لیتے ہیں اور نماز کے بعد بھی لے لیتے ہیں۔ بعد میں سب کو موقع دیتے ہیں۔ حسیب خان صاحب! مہربانی بیٹھ جائیں۔ جمال لغاری

---

1 [XXXXX] Word expunged by order of the Acting Chairman.

صاحب کا بھی ہے۔ راجا ظفر الحق صاحب کو بات کرنے دیں کیونکہ مسئلہ ایسا اٹھ گیا ہے۔ ڈوگر صاحب! اسی پر چلتے رہے تو پانچ سال پورے ہو جائیں گے اسی کام میں پھر نیا وقت آجائے گا۔ جی راجا صاحب۔

سینیٹر راجا محمد ظفر الحق: شکریہ جناب چیئرمین! چونکہ میرے فاضل دوست صابر بلوچ صاحب نے میرا نام لیا اور کچھ suggestions دیں اور جس بارے میں انہوں نے اپنی تشویش کا اظہار کیا خود انہوں نے بھی کسر اٹھا کر نہیں رکھی۔ کونسی وہ انگریزی کی گالی تھی جو ان کو بتائی گئی اور انہوں نے بغیر سمجھے ہوئے وہ اگل نہیں دی۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: مہربانی ان کو بولنے دیں۔ میں سمجھ رہا ہوں اور وہ بھی سمجھ رہے ہیں۔ میں نے (XXXXX)[2] کا لفظ حذف کر دیا ہے۔ جی۔

سینیٹر راجا محمد ظفر الحق: وہ ساری انہوں نے اس لیے حذف کی ہیں کہ آپ نے وہ غیر مناسب الفاظ ادا کیے ہیں۔ جناب چیئرمین! اس میں کوئی شک نہیں کہ سیاست میں اختلاف رائے شدید ہونے کے باوجود ایک تہذیب یافتہ طریقہ، جمہوری طریقہ اور دوسرے کی عزت و احترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے بات کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کو یاد ہو گا کہ آج سے تقریباً ایک سال پہلے میاں نواز شریف صاحب نے وزیراعظم پاکستان جناب یوسف رضا گیلانی صاحب کو یہ تجویز دی تھی کہ دس محکمے ایسے ہیں جو کرپشن کی وجہ سے، نااہلی کی وجہ سے ڈوب رہے ہیں جس میں Steel Mill بھی ہے، ریلوے بھی ہے، Energy کا سیکٹر ہے، پی آئی اے ہے یہ ایسی چیزیں ہیں جو پوری قوم کو اور اس کی economy کو ڈبو رہی ہیں۔ ملک کے وجود کے لیے خطرہ بنتا جا رہا ہے جو طریقہ کار انہوں نے اپنایا ہوا ہے۔ وزیراعظم صاحب نے اس پر اتفاق کیا۔ تجویز یہ تھی کہ جو جوان کے سربراہ بنائے جائیں وہ ایسے طریقے سے بنائے جائیں کہ جن پر باقی قوم کو بھی اعتماد ہو، وہ دیانتدار بھی ہوں اور efficient بھی ہوں لیکن پتا نہیں خدا معلوم کس نے ان کو منع کر دیا کہ پھر اس پر عملدرآمد نہیں ہوا۔ ہم نے کل پرسوں سنا ہے کہ صدر صاحب نے کہا ہے کہ ان اداروں کے سربراہوں کو یا چلانے والوں کی تبدیلی کی جائے اور بہتر لوگ لگائے جائیں۔ یہ بات اگر پہلے کر لی جاتی تو اس دوران جو نقصان ہوا ہے وہ نہ ہوتا۔ اگر

---

[2] [XXXXX] Word expunged by order of the Acting Chairman.

کسی آدمی کے بارے میں یہ ہو کہ وہ دیانتداری سے کام نہیں لے رہا، اس کے لیے کئی الفاظ استعمال کیے جاسکتے ہیں لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ سیاست کے اندر tension اور تشدد نہیں ہونا چاہیے اور اس میں جس طریقے سے اگر لاہور میں کسی نے کہا ہے کہ ملک سے کرپشن ختم ہونی چاہیے اور جو بھی کرپٹ لوگ ہیں ان کے خلاف ایکشن ہونا چاہیے اور across the board اس بارے میں احتساب ہونا چاہیے، اس کا نتیجہ کیا ہوا، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسلم لیگ (نواز) کے جو شہر کے اندر دفتر تھے وہ جلانے شروع کردیئے۔ کیا یہ سیاست ہے ؟ کیا یہ جمہوریت ہے ؟ کیا یہ اخلاق ہے اور ان کی جماعت میں سے کیا کسی نے بھی بیان دیا ہے کہ یہ غلط ہے! کسی نے یہ کہا ہے کہ ہم ان کو لگام ڈالیں گے! اس سے تو یہ پتا چلتا ہے کہ لوگوں کو خود اکسایا گیا کہ یہ عمل کرو تو کیا جن لوگوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ ملک کے اندر امن و امان قائم رکھیں، سیاست کے عمل کو ایک خاص معیار تک رکھیں، کیا ان کا یہ فریضہ نہیں تھا کہ وہ اس معاملے کو کنٹرول کرتے اور ہمیں بتایا جائے کہ آیا ان لوگوں کے خلاف کوئی ایکشن ہوا ہے یا نہیں ہوا ہے۔ ایسا کیوں کیا گیا ہے۔ میں اس بات کا قائل ہوں، میں نے ساری زندگی نہ کبھی کسی کو کوئی گالی دی ہے نہ کسی سے گالی کھائی ہے لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ معاملہ تو سب کو ایک جیسا کرنا چاہیے۔ یہ ذمہ داری تو سب کی ہے، کسی ایک آدمی کی تو نہیں ہے، کسی ایک پارٹی کی تو نہیں ہے اور اس ماحول کو سب سے زیادہ اگر ٹھنڈا رکھنے کی اور اس میں اخلاق کی برتری کو قائم رکھنے کی ذمہ داری ہوتی ہے تو جہاں وہ اپوزیشن پر عائد ہوتی ہے اس سے بھی زیادہ حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ اگر گرما گرمی پیدا کرنی ہو تو اس کا سوئچ بھی حکومت کے پاس ہوتا ہے اور اگر اس کو ٹھنڈا کرنا ہو تو وہ بھی حکومت کے پاس ہوتا ہے۔ تین سال ہم نے یہ طعنے برداشت کیے کہ یہ friendly اپوزیشن ہے، یہ ان کے ساتھ ملے ہوئے ہیں، انہوں نے باریاں مقرر کی ہوئی ہیں، ایسا تو نہیں تھا۔ ہم تو یہ چاہتے تھے کہ ان کو موقع دیا جائے کہ وہ لوگوں کی بہتری کریں لیکن کیا وجہ ہے کہ اگر ریلوے کے مزدور سڑکوں پر نہیں آئے، ریلوے کو پیسے نہیں دیئے گئے وہ پہلے بھی دیئے جاسکتے تھے اس حد تک کیوں پہنچے کہ لوگ احتجاج کرتے کرتے مر جائیں، ان کے heart fail ہو جائیں ایسا کیوں ہوا؟ پنشنرز کو پنشن نہیں مل رہی تھی، ایسا کیوں ہوا ؟ اسی طریقے سے باقی محکمے بھی ہیں۔ اب اگر لوڈشیڈنگ کے بارے میں members of the Parliament وہاں جا کر دھرنا نہ دیتے تو لوگ پریشان ہوتے رہتے۔ اسی روز لوڈشیڈنگ ختم کر دی گئی یہ اس سے پہلے بھی ہوسکتا تھا۔ جو circular debt ہے اس کے لیے اگر پیسے اس دن دیئے جاسکتے تھے وہ پیسے پہلے بھی دیئے جاسکتے تھے۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین: صابر بلوچ صاحب! راجا صاحب کو بات کرنے دیں۔ جمہوریت کی یہی تو خوبصورتی ہے کہ آپ بات کریں اور دوسرے کو تحمل سے سنیں۔ جی۔

سینیٹر صابر علی بلوچ: میں نے یہ بات کی ہے کہ ان کو ایسی باتیں نہیں کرنی چاہیے تھیں اور ایسی زبان نہیں بولنی چاہیے تھی۔

جناب قائم مقام چیئرمین: وہ بھی یہی کہہ رہے ہیں، تسلیم کر رہے ہیں۔صابر بلوچ صاحب! مہربانی یہ cross talk نہ کریں، ان کو بات مکمل کرنے دیں۔ جی۔

سینیٹر راجا محمد ظفر الحق: ایک مہذب معاشرے میں کرپشن نہیں کی جاتی، ایک مہذب معاشرے میں کرپشن کو برداشت نہیں کیا جاتا۔ اسی لیے ہم یہ کہتے ہیں کہ جو Bill سینیٹ کے اندر آیا ہوا ہے اس کو pass کرنا چاہیے، اسے pass ہونا چاہیے تاکہ احتساب ہوسکے۔لوگ یہ کہتے ہیں کہ آپ نے لڑنا شروع کردیا ہے، کوئی تیسری طاقت اس کا فائدہ اٹھائے گی۔ اگر جمہوریت کو قائم رکھنا چاہتے ہیں تو اس بات کا بھی احساس رکھنا چاہیے کہ کیا وہ لوگوں کی توقعات پر پورا اتر رہے ہیں، ان کی تکلیفوں کا کوئی مداوا کر رہے ہیں، کیا ایک ایسی حکومت قائم کرنے میں وہ کامیاب ہوئے ہیں جس سے لوگوں کا بھروسا بڑھے۔ دیانتدار حکومت بنانے کے لیے کوشش کرنی چاہیے یا نہیں کرنی چاہیے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ راجا صاحب۔ حافظ صاحب آپ شروع ہی سے کھڑے ہوگئے تھے۔ جی حافظ رشید صاحب۔ حافظ صاحب! کوئی کارآمد بات کریں نا۔ حافظ صاحب! آپ کی اطلاع کے لیے عرض کردوں کہ آج 31 اکتوبر کو دنیا کی آبادی 7 ارب ہوگئی ہے۔ میں آپ کو چوکنا کرنے والی خبر دے رہا ہوں۔ آپ رحم کرنا۔

Point of Order:
Deplorable Conditions in FATA

سینیٹر حافظ رشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! آپ نے مجھے موقع دے دیا۔ جناب چیئرمین! آپ کی اجازت سے ایک لطیفہ بھی میں آپ کو سناؤں گا۔ ہمارے علاقے میں ایک مولوی صاحب نے لاؤڈ سپیکر پر کہا کہ جو 'ولاالضالین' بولے وہ کافر ہے۔ دوسری طرف دوسرے مولوی صاحب نے بیان کیا کہ اگر کوئی 'ولا الدالین' بولے تو وہ کافر ہے۔ وہاں ایک

افیمی/نشئی شخص موجود تھا جو خوشی سے جھوم اٹھا۔ کہنے لگا کہ یہ دونوں کافر ہیں، اصلی مسلمان میں ہوں کیونکہ میں نے نہ 'ولاالضالین' پڑھا اور نہ 'ولاالدالین' پڑھا۔

میں کہتا ہوں اصل لوگ فاٹا والے ہیں کہ نہ کسی کو مداری کہتے ہیں اور نہ کسی کو لوہار کہتے ہیں۔ اصل لوگ ہم ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ دونوں بڑی پارٹیاں صبر و تحمل سے کام لیں۔ پرویز مشرف کے وقت میں جو ان کو جیلوں میں رکھا گیا تھا، وہی کیس ان پر پڑے تھے جو انہوں نے خود ایک دوسرے پر قائم کیے تھے۔ نواز شریف صاحب نے زرداری صاحب کے اوپر لگائے تھے اور زرداری صاحب نے ان کے اوپر لگائے تھے۔ ان واقعات سے یہ لوگ پھر بھی سبق نہیں لیتے۔ میں کہتا ہوں خدا کے لیے کچھ تو خیال کریں، ملک اس طرح نہیں چلایا جاتا۔ ملک چلانے کے لیے کوئی اصول ہوتا ہے، ملک کے لیے کوئی قواعد و ضوابط ہوتے ہیں۔ اس طرح تو ملک نہیں چلائے جاتے جیسے یہ دونوں پارٹیاں چلا رہی ہیں۔

جناب چیئرمین! میں اب اپنی بات پر آتا ہوں۔ فروری 2008 میں جو الیکشن ہوئے، اس کے بعد پاکستان پیپلز پارٹی کے صرف 9 سینیٹر ادھر بیٹھے تھے۔ پھر جب یوسف رضا گیلانی، وزیرِاعظم منتخب ہوگئے تو محترم رضا ربانی صاحب ہمارے پاس آگئے۔ اس وقت پیپلز پارٹی کے صرف 9 ارکان تھے۔ ہم نے غیر مشروط طور پر، بغیر کسی شرط کے پیپلز پارٹی کے ساتھ تعاون کے لیے ہاتھ بڑھایا۔ کوئی شرط نہیں تھی۔ ہم نے تعاون کے لیے ہاتھ کیوں بڑھایا؟ اس لیے کہ اس وقت پرویز مشرف کی حکومت تھی، ایک dictator تھا، ایک مارشل لا کی حکومت تھی، ہم نے کہا کہ ہماری اس سے جان چھوٹ جائے گی لیکن جناب چیئرمین! اس کے بعد آپ یقین کریں کہ کوئی پالیسی تبدیل نہیں کی گئی۔ وہی پالیسیاں چل رہی ہیں۔ پرویز مشرف کے وقت میں ڈرون حملے ہوتے تھے، اب بھی ہوتے ہیں۔ کل بھی ہم پر ڈرون حملہ ہوا اور وہ بھی settled area کے قریب، جس میں دس سے بارہ لوگ شہید کیے گئے۔ جناب چیئرمین! جب Hillary آتی ہے یا دوسرے آتے ہیں تو ہمارے لوگ استقبال کے لیے کیوں جاتے ہیں؟ وہ ہمیں مرواتے ہیں۔ کیا فاٹا آپ کے ملک کا حصہ نہیں ہے؟ ہم آپ کے لوگ نہیں ہیں؟ ہم آپ کے عوام نہیں ہیں؟ آپ کا دل ہمارے لیے نہیں دکھتا؟ آخر وجہ کیا ہے، کیا ہمارے بچے آپ کے بچے نہیں ہیں؟

جناب چیئرمین! ظلم پر ظلم یہ ہے کہ سالانہ ترقیاتی منصوبوں کے سلسلے میں جو فنڈز ہمیں دیتے جاتے ہیں، اعلان کوئی اور ہوتا ہے جبکہ ہمیں ملتا بہت قلیل مقدار میں ہے۔ پچھلے سال دس سے

بارہ ارب کا اعلان کیا گیا، جب کہ ہمیں صرف چھ ارب روپے ملے۔ اس مرتبہ تقریباً چھ مہینے ہونے والے ہیں، ADP میں 15 ارب رکھے گئے ہیں، جبکہ ہمیں اس میں سے صرف 66 کروڑ روپے ملے ہیں۔ خدا کے لیے فاٹا والوں کے ساتھ ایسا سلوک نہ کریں۔ پتا نہیں نیر بخاری صاحب سنتے ہیں یا نہیں۔ وسیم سجاد صاحب اس ملک کے صدر رہے ہیں، وہ اپنی گپوں میں مصروف ہیں۔ وہ فاٹا والوں کے حالات سے بے خبر ہیں۔ یہ صرف لیڈر لوگوں کی جگہ ہے۔ خدا کے لیے فاٹا پر رحم کرو۔ فاٹا کی طرف متوجہ ہوجاؤ۔ آپ لوگ گپوں میں مصروف ہیں۔ آپ یہ کیا کر رہے ہیں؟ یہ ملک آپ کے ہاتھوں سے نکل رہا ہے۔ جناب چیئرمین! اس طرح ملک نہیں چل سکتے۔ جب تک آپ ہماری بات نہیں سنتے، اس وقت تک ہم روزانہ واک آؤٹ کریں گے۔ ہم دوسرے ارکان سے بھی گزارش کریں گے کہ فاٹا کے حقوق کے لیے ہمارا ساتھ دیں۔ آپ کا بہت شکریہ۔

(اس موقع پر سینیٹر حافظ رشید احمد اور بعض دوسرے ارکان واک آؤٹ کر گئے)

جناب قائم مقام چیئرمین: میں ابھی صرف آپ دوستوں سے اجازت لینا چاہتا ہوں کہ privilege motion کے دو مسئلے ہیں، وہ لے کر پھر ہم عبدالرحیم خان مندوخیل کو سنیں گے۔ چلیں مندوخیل صاحب! آپ بات کریں۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب! بات یہ ہے کہ ایک point of order پر بات ہوئی اور اس کا سیاسی جواب بھی دیا گیا۔ ہم پارلیمنٹ کے member ہیں، ہم بات کرنا چاہتے ہیں ایک موضوع پر، وہ تو ایک دوسرے کے فریق بن گئے ہیں، آپ مہربانی کریں ہمیں موقع دیں۔

جناب والا! جو کچھ ہو رہا ہے، اس کے بارے میں اختصار سے میں عرض کروں گا، جو کچھ ہوا، سالہا سال گزرنے کے بعد آخر سب پارٹیاں اس نتیجے پر پہنچیں کہ جو کام وہ پارٹیاں کر رہی تھیں، وہ صحیح بات نہیں تھی۔ فیصلہ یہ ہوا کہ آئندہ کے لیے ہم democratic طرز پر پارلیمنٹ کو چلائیں گے اور ملک کو بھی چلائیں گے۔ یہ جو دوستانہ اور friendly opposition کی بات کی جاتی ہے، میں تو کہتا ہوں کہ بہت اچھی بات تھی کہ friendly opposition تھی۔ بہت اچھا تھا کہ وہ باقاعدہ ایک دوسرے کے نقطہ نظر کو سمجھیں اور اس پر متفقہ انداز میں فیصلہ کریں۔ آپ نے دیکھا کہ اٹھارھویں ترمیم کے معاملے پر سب پارٹیوں نے، سب مخالف پارٹیوں نے اتفاق رائے کیا اور اسے عملی شکل دی۔ اسی کے نتیجے میں ہمارے آئین کی اتنی بہتری اور اصلاح ہو پائی ہے جو کہ 64 سالوں میں نہ ہو سکی۔ ابھی جو رویہ اختیار

کیا گیا ہے، وہ صحیح نہیں ہے۔ ہر پارٹی کا حق ہے کہ جلسہ کرے، اپنا منشور اور اپنا پروگرام بیان کرے تاکہ عوام قائل ہوں اور اگر الیکشن ہوں تو الیکشن میں حصہ لیں لیکن یہاں طریقہ کیا ہے کہ ہر ایک جو وہاں جلسے کا انتظام کرتا ہے، نظر آتا ہے کہ میدان مارنے کے لیے، مخالف کے خلاف اس نے یہ camp لگایا ہے۔ اس کیمپ کو، باقاعدہ ایک دوسرے کے خلاف ایک دشمنانہ انداز میں ایک مورچے کی شکل دی گئی ہے۔ اس کے بارے میں ہم پاکستانی عوام کی طرف سے آپ کو کہہ رہے ہیں، ان پارٹیوں کی تجربہ کار leadership ہے، ہم پارٹیوں سے request کرتے ہیں کہ آپ مہربانی کریں اپنی پالیسی میں ذرا تبدیلی لائیں، اپنی پارٹیوں کو ذرا صحیح ہدایت دیں اور خود بھی ایسے کام نہ کریں۔ ابھی انہوں نے فرمایا کہ انگریزی کا فلاں لفظ اتنا خطرناک نہیں ہے، اگرچہ وہ گالی ہے۔ میری عرض یہ ہے کہ یہ جو start لیا گیا ہے، اس کو اسی جگہ پر ختم ہونا چاہیے۔ اگر آپ اس سے آگے بڑھے تو حالات خراب ہوسکتے ہیں۔ آپ کو علم ہے کہ کراچی میں مسلسل قتلِ عام ہو رہا تھا اور بحران تھا، پاکستان مجموعی طور پر ایک بحران کا شکار ہے، آج آپ ماحول کو ایسا بنا رہے ہیں کہ ایک explosion ہوجائے۔ مہربانی کرکے ایسا نہ کریں۔

جناب والا! ایک اور بات میں کہنا چاہتا ہوں کہ پچھلے جمعہ کے دن میں نے اپنی تقریر میں ایک بات کی، حاجی عدیل صاحب اور زاہد خان صاحب نے بھی بات کی لیکن اخبار میں میرے حوالے سے ایک بات شائع ہوئی کہ عبدالرحیم نے کہا کہ حاجی عدیل صحیح نہیں ہے۔ ایسا نہیں ہے، میں نے کبھی ایسا نہیں کہا بلکہ میں نے کہا تھا کہ میں حاجی عدیل کی تائید کرتا ہوں۔ لہٰذا ریکارڈ کو درست کیا جائے۔ مہربانی۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جی بلور صاحب۔ دو privilege motions آجائیں پھر points of order پر آئیں گے۔ ڈوگر صاحب! آپ کو بھی موقع ملے گا۔ اگر نماز کا وقفہ آگیا تو اس کے بعد مل جائے گا۔ ڈوگر صاحب! please آپ ان کو بولنے دیں پھر موقع سب کو ملے گا۔ میرے ہوتے ہوئے سب کو موقع ملے گا، تھک جائیں گے پھر بھی کہیں گے کہ ابھی کون رہ گیا ہے۔ ڈوگر صاحب! ان کو privilege motion پر بات کرنے دیں۔

سینیٹر ملک صلاح الدین ڈوگر: جناب! میں صرف ایک منٹ کے لیے بات کروں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: چلیں ایک منٹ لے لیں، میں گھڑی کی طرف دیکھ رہا ہوں۔

سینیٹر ملک صلاح الدین ڈوگر: صابر بلوچ صاحب نے ایک بات یہاں کی، میں اسی کو آگے بڑھاتا ہوں۔ میں آپ کو صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ صدرِ پاکستان ایک آئینی سربراہ ہوتے ہیں۔ قانون کے مطابق وہ سربراہ ہیں۔ وہ ایک جمہوری سربراہ ہیں، تمام پارٹیوں نے انہیں ووٹ دے کر کامیاب کرایا ہے۔ صدر پاکستان کے خلاف جو بھی الفاظ بولے جاتے ہیں وہ پاکستان کے آئین کے خلاف ہیں اور جو بھی آدمی پاکستان کے آئین کے خلاف بولتا ہے، اس کے خلاف کارروائی کی جائے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر ملک صلاح الدین ڈوگر: راجا ظفر الحق صاحب نے فرمایا ہے کہ سندھ میں مسلم لیگ (ن) کے دفتروں پر حملے ہو رہے ہیں جبکہ سندھ میں تو مسلم لیگ (ن) کے دفاتر ہی نہیں ہیں۔ شکریہ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب الیاس بلور صاحب۔

Senator Ilyas Ahmed Bilour: I am so grateful to you sir. My privilege motion in which, I am complaining against Mr. Imdad Ali F.A. and CEO Revenue of Railways.

(Interruption)

جناب قائم مقام چیئرمین: اس privilege motion کے بعد بات کر لیجیے گا۔ ابھی مغرب کا وقفہ ہو گا، اس کے بعد سب کو موقع ملے گا۔ ٹی وی کے پروگرام سینیٹ سے زیادہ اہم نہیں ہیں۔ جی بلور صاحب! آپ continue کریں۔

Privilege Motion:
Azakhel Dry Port

سینیٹر الیاس احمد بلور: جناب چیئرمین! میرا privilege motion یہ ہے کہ اذاخیل ڈرائی پورٹ کے لیے اخبارات میں ایک tender notice دیا گیا تھا، اس کے جواب میں چار پانچ درخواستیں آئی تھیں، جن میں ایک درخواست Azakhel Dry Port Trust والی جو legally final ہوئی تھی اور محکمہ ریلوے والوں کی اس کمپنی کے ساتھ پندرہ بیس meetings بھی ہوئی تھیں۔ 30th June 2011 کو ریلوے کی executive committee کی میٹنگ بلائی گئی اور اس میٹنگ میں امداد علی نام کے ایک آدمی نے اس پر نہ صرف دستخط کرنے سے انکار کیا بلکہ وہ اس کو لے

کر سیدھا دنیا ٹی وی چینل پر پہنچ گیا اور کہا کہ یہ الیاس بلور کے سمدھی کا trust ہے اور وہ اس کا چیئر مین ہے۔ جناب والا! میرے رشتے دار یا دوست کا کسی ٹرسٹ کا چیئر مین ہونا کوئی گناہ نہیں ہے۔ انہوں نے میرے خلاف دو پروگرام دنیا ٹی وی پر کیے، ان میں مجھے اور میرے رشتے دار کو بدنام کیا گیا۔ اب اس کمپنی کے Chief Executive نے انکار کر دیا ہے کہ ہم یہ زمین لیتے ہی نہیں ہیں کہ ڈیڑھ سال سے حاجی غلام احمد بلور صاحب بحیثیت وزیرِ ریلوے موجود تھے اور الیاس احمد بلور بار بار ٹیلیفون کرتا رہا، اس کے باوجود اس میں ڈیڑھ سال لگا ہے۔ اسی طرح کی ڈرائی پورٹ ملتان اور لاہور میں دی گئی ہیں اور اس سے زیادہ پیسے دیے گئے تھے، اس لیے میرے اس privilege motion کو Standing Committee on Privileges کے حوالے کیا جائے۔

جناب قائم مقام چیئر مین: بخاری صاحب۔

سینیٹر سید نیر حسین بخاری: جناب چیئر مین! انہوں نے اس privilege motion میں whatever he has given to the office that بیان کیا ہے لیکن crux of matter has not been read out. یہ صرف اس شخص امداد علی کے بارے میں ہے اور امداد علی کون ہے، Is he a government official?

(اس موقع پر ایوان میں مغرب کی اذان سنائی دی)

جناب قائم مقام چیئر مین: جی بخاری صاحب۔ آپ اس پر بات کر لیں تو اس کے بعد نماز کا وقفہ کرتے ہیں۔

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: Sir, it may be sent to the Standing Committee on Privileges.

Mr. Acting Chairman: The motion is referred to the Standing Committee on Privileges for appropriate action.

اب نماز کے لیے پندرہ منٹ کا وقفہ کر لیتے ہیں۔

(The House was then adjourned for Maghrib prayers for fifteen minutes)

(وقفہ نماز مغرب کے بعد اجلاس کی کارروائی زیرِ صدارت جناب سینیٹر کرنل (ریٹائرڈ) سید طاہر حسین مشہدی شروع ہوئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

I think we have a privilege motion pending and privilege motion takes precedence over anything else, so, Sardar Jamal Khan Leghari Sahib.

Privilege Motion:

Baggage Missed by PIA

Senator Sardar Mohammad Jamal Khan Leghari: Thank you Chairman Sahib. I read my privilege motion with your due permission, sir.

Sir, I traveled from Geneva to Islamabad via London by PK-786 on 24th October, 2011 in connection with my official visit to IPU Conference held in Bern last week. I checked in two pieces of my luggage which according to the PIA record was received in London from Geneva by Swiss flight No.LX-348 and loaded in a container for Islamabad bound flight by PK-768 which happens to be our Pakistan International Airline. Unfortunately, one piece of my checked in baggage went missing at Islamabad Airport when I landed on 25th October, 2011 at 07:30 in the early morning hours. I reported the matter to the PIA authorities at Islamabad and made a request for tracing out my baggage but the PIA authorities at Islamabad and London have paid absolutely no heed to my repeated requests. After elapse of eight days now my baggage is still stands missing which carry my personal valuable items. This has not only caused a great inconvenience but mental torture to me and my family which were waiting anxiously for their personal belongings to arrive. Sir, I have traveled in connection with an official visit and therefore, my privilege as a member of Parliament

has been breached due to reckless and negligent behavior of the PIA authorities.

I, therefore, request your good self that the motion may kindly be admitted and referred to the Committee on Rules of Procedure and Privileges for examination and report. Thank you, sir.

Mr. Presiding Officer: Thank you. Leader of the House, would you like to say something on this?

Senator Syed Nayyer Hussain Bokhari: It may be sent to the concerned Committee, sir.

Mr. Presiding Officer: The privilege motion of Senator Sardar Mohamamd Jamal Khan Leghari is admitted and referred to the Committee on Rules of Procedure and Privileges for examination and report.

Now, we take on the points of order, Haseeb Khan Sahib.

Points of Order

I. Devolution of Powers, Not Being Implemented

سینیٹر عبدالحسیب خان: جناب عالی! بہت شکریہ، آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں آج ایک جرم کی نشان دہی کروں گا جو یقیناً کسی سازش کے تحت کیا جا رہا ہے۔

پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار صوبائی خود مختاری دی گئی۔ ابھی مندوخیل صاحب نے بھی کہا تھا کہ یہ سب سے بڑا کام ہوا لیکن حسب روایت بیوروکریسی نے اس قانون کی دھجیاں مختلف ministries میں اڑائی ہوئی ہیں اور وہاں پر کوئی سنوائی نہیں ہو رہی۔ Ministry of Health نے اپنے آپ کو قانون سے بالاتر بنایا ہوا ہے۔

جناب عالی! اٹھارھویں ترمیم کے بعد Ministry of Health کی powers صوبوں کو منتقل کر دی گئی تھیں اس کے باوجود Cabinet Secretariat وہ سارے کام کر رہی ہے جو اب provinces کو کرنے چاہییں۔ اس کے بعد سونے پر سہاگہ یہ ہوا کہ DRA کے بارے میں Prime Minister Sahib بھی کہہ چکے ہیں، 18th Amendment میں اس کی

ایک clause موجود ہے، Committee نے بھی اس کو approve کیا ہوا ہے، provinces سے بات بھی ہو چکی ہے اس کے باوجود اٹھارھویں ترمیم کی فائل کو پتا نہیں کہاں چھپا کر رکھا گیا ہے اور ہر مہینے Ministry of Health کے تمام بورڈ Cabinet کے تحت کام کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ devolution of power کے بعد یہ unconstitutional ہے۔ اس کی صرف مذمت نہ کی جائے بلکہ Ministry of Health اور Cabinet Secretary کو بلا کر ان سے پوچھا جائے کہ وہ کس power کے تحت Registration Board, National Programme and Price Contract کی meetings کر رہے ہیں۔

جناب عالی! ministry سے یہ بھی پوچھا جائے کہ Prime Minister Sahib نے کہہ دیا، President Sahib نے بھی کہا، تمام صوبے اس بات پر متفق تھے تو DRA کیوں نہیں بنائی جا رہی ہے کیونکہ DRA تمام دنیا میں ہوتی ہے اور Ministry of Health اگر چاہتی ہے کہ پبلک کو صحیح دوائی ملے اور ان کا صحیح علاج ہو لیکن اس سے چونکہ Ministry of Health کی اجارہ داری ختم ہو جاتی ہے اس لیے وہ اس میں روڑے اٹکا رہے ہیں۔ میں اٹھارھویں ترمیم سے پہلے سے اس پر کام کر رہا ہوں اور چونکہ میرا تعلق medical profession سے ہے، پانچ سال پہلے کا Ministry of Health میں میرا ڈرافٹ پڑا ہوا ہے جو میں نے international personnals سے بنوایا تھا، تو ظاہر ہے اس وقت تو کوئی بات نہیں تھی لیکن اٹھارھویں ترمیم کے بعد یہ جرم ہے۔ میں اس جرم کی نشان دہی کر رہا ہوں اور یہ درخواست کرتا ہوں کہ ان کو بلا کر کل ہی ان سے اس بارے میں پوچھا جائے ورنہ پھر آپ خود اس پر کوئی action لیں۔

Mr. Presiding Officer: Thank you, Senator Haseeb Khan, unfortunately you have moved a point of order.

پوائنٹ آف آرڈر میں reply نہیں ہوتا and government is not responsible to reply زیادہ بہتر ہوتا اگر آپ Calling Attention Notice دیتے تو Minister would be present. Now Rules of Procedure میں ہر چیز ہے۔ اگر ہم صرف اس کو follow کرتے تو اچھا ہوتا۔ Although it is a very important subject. آپ نے اس کو بہت ہی detail میں بیان کیا ہے۔ میں Leader of the House سے request کر سکتا ہوں کہ kindly take notice of this matter and اس کو آپ follow up کریں۔

سینیٹر عبدالحسیب خان: میں نے point of order پر صرف نشان دہی کی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ بھی ایک problem ہے کہ commenced motions, adjournment motions جیسی چیزیں نہیں آ رہیں۔ ہمارے سب parliamentary leaders ان کو time and again point out کرتے ہیں۔ یہ ہمارے parliamentary system کے لیے، ہمارے ہاؤس کے لیے بہتر ہے if we start following Rules of Procedure. Yes, next, Azam Khan Swati Sahib. OK, sorry, Leader of the House.

سینیٹر سید نیر حسین بخاری: شکریہ، جناب چیئرمین ! گزارش یہ ہے کہ یہ commenced business ہے on Orders of the Day at Serial No.28, there is Motion Under Rule 194 اس پر جناب حسیب خان نے درست فرمایا کہ Health کو فارغ کرنے کے بعد after 18th Amendment and Concurrent List Ministry devolve ہو گئی ہے and now it has gone to the provinces. اس میں گزارش یہ ہے کہ اس سے پہلے Drug Act 1976 which was operative, اس کے تحت medicines کے حوالے سے ایک Board ان سارے معاملات کو regulate کرتا تھا۔ اب کیونکہ Drug Act as such repeal نہیں ہوا and it is functional also. باوجود اس کے کہ DRA the ministry itself is devolved, کے بنانے کے حوالے سے the Federal Government is in consultation with the provinces اس میں صوبوں نے کہا ہے کہ till such time ان issues کو resolve کرنے کی ہماری capacity نہیں ہوتی اس وقت تک وفاقی حکومت اس پر function کرے اور Article 147 کے تحت صوبوں کے ساتھ consultation بھی ہوئی ہے اور صوبوں نے وفاقی حکومت کو act کرنے کے لیے اجازت بھی دی ہے۔

DRA کے بارے میں یہ ہے کہ the draft has been prepared. The Federal Government is in consultation with all provinces and certainly, we would like to have a legislation and as soon as we get the confirmation from the provinces and we come to a

consensus on that then certainly, a law would be legislated for the drugs regulation اور اس پر Drug Regulatory Agency ترتیب دی جائے گی۔ These are my submissions on behalf of the Federal Government.

Mr. Presiding Officer: Thank you Leader of the House. Azam Swati Sahib.

II. Dual Citizenship disqualifies the Member

Senator Muhammad Azam Khan Swati: Thank you very much Mr. Chairman and I am lucky that you are sitting in the Chair that deserves at least, the attention and love of all of us. I want to draw your kind attention to a very legal, professional, ethical as well as constitutional matter. Sir, Article 63 says:

> "Disqualifications for a member of Majlis-e-Shoora, (Parliament)".

I am only coming and taking little time. The Article 63 (c), I want to read that one to be a part of the proceedings:

> "A person shall be disqualified from being elected or chosen as, and from being, a member of *Majlis-e-Sho*ora (Parliament), if—
>
> (c) he ceases to be a citizen of Pakistan, or acquires citizenship of a foreign State."

Sir, all I want to request the Chair to give a ruling and I am also bringing a Bill with regard to the explanation where the Chair or the Supreme Court of Pakistan or any court can really exercise this constitutional power within parameter of the Constitution and can implement this particular Article 63 (c) to disqualify those with dual citizenship.

جناب چیئرمین! یہ بڑی وضاحت سے کہہ رہا ہے کہ کوئی بھی آدمی جو کسی دوسرے ملک کی citizenship حاصل کرے وہ پارلیمنٹ کا ممبر نہیں رہتا، بالکل اسی طریقے سے سب کے لیے،

سارے صوبائی اسمبلیوں کے ممبران کے لیے، سینیٹ کے ممبران کے لیے اور قومی اسمبلی کے ممبران کے لیے legal requirement ہے کہ ہمیں ہر سال اپنے assets and liabilities الیکشن کمیشن کے پاس declare کرنے ہیں لیکن مجھے بڑے دکھ کے ساتھ یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ پہلے تو ہم comply نہیں کرتے اور جب comply کرتے ہیں تو وہ سارا غلط ہوتا ہے، جھوٹ لکھتے ہیں۔ میں صرف آپ کی ruling on the ethical, legal and constitutional grounds لینا چاہتا ہوں کہ کیا اخلاقی طور پر، قانونی اور آئینی طور پر ہمارا فرض نہیں ہے کہ جس قانون کے اور آئین کے مطابق ہم پارلیمنٹ تک پہنچتے ہیں، ان ایوانوں تک پہنچتے ہیں، اس کی دھجیاں سب سے پہلے ہم خود اڑاتے ہیں کیونکہ اس آئین اور قانون کے مطابق سب سے پہلے ہم اپنا فرض خود نہیں ادا کر رہے تو میری یہ گزارش ہو گی کہ ہمیں اپنے assets کو خواہ وہ ملک کے اندر ہوں یا بیرون ملک declare کرنے چاہییں۔ اپنی آمدنی کے ذرائع کو بلاتفریق کسی سیاست دان کے، میں سیاست کی بات نہیں کر رہا، میں اس قانون کی بات کر رہا ہوں جس کے ہم پابند ہیں۔ چونکہ میں ایک amendment لے کر آ رہا ہوں، آپ سے صرف یہ گزارش ہے کہ کیا ہمارا یہ اخلاقی، قانونی اور آئینی فرض نہیں ہے کہ ہم جس قانون کو خود بناتے ہیں، سب سے پہلے اس کا نفاذ اپنے آپ سے شروع کریں اور پھر دوسروں کو کہیں کہ وہ اس قانون اور آئین کی پابندی کریں۔ شکریہ جناب والا۔

Mr. Presiding Officer: Thank you very much Senator Swati. There is no doubt in it that we have to follow the Constitution; we have to follow the law and we being the law makers, we have to uphold the dignity, honour and prestige of Parliament by following the law, itself. Law makers cannot be the law breakers. So, your contention both morally, constitutionally, socially and politically is absolutely correct. I only hope that everybody follows this and I am sure that everybody wants to follow this and your amendment or your resolution will be welcomed, if it comes. Let us hope that it gets the attention, it merits. Anyother point of order? Nilofar Sahiba.

III. Miserable Conditions of Women and the Crisis Centres

سینیٹر نیلوفر بختیار: جناب والا! دو باتیں آپس میں related ہیں لیکن دو مختلف باتیں ہیں۔اس وقت میرے ہاتھ میں جو ایجنڈا ہے وہ یہ ہے کہ ملک میں جو خواتین کے crisis centres بنائے گئے تھے وہ اس وقت بہت ہی خستہ حالت میں ہیں۔ وزیر اعظم صاحب کا آسٹریلیا جانا اور یہ بیان دینا کہ پاکستان میں آج خواتین بہت ترقی یافتہ ہیں اور بہت بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہیں اور ملک میں یہ حالت ہے کہ جو بتیس crisis centres تھے وہ devolution کے تحت صوبوں کو پھینک دیے گئے۔ ان میں سے بارہ crisis centres پنجاب کو دیے گئے جنہیں آج تک پنجاب نے own نہیں کیا۔ جناب والا! اس میں بھی ایک راز کی بات ہے کہ بد قسمتی سے ان crisis centres کے نام کے ساتھ پیپلز پارٹی نے اپنی ownership لگانے کے لیے ان کو Benazir Crisis Centres کا نام دے دیا تھا اگرچہ crisis centre کا اضافہ اس حکومت نے نہیں کیا۔ بنے بنائے سنٹرز کے ساتھ انہوں نے بے نظیر شہید صاحبہ کا، جو کہ اتنا بڑا نام ہے، ان پرانے، فرسودہ اور خستہ حال عمارتوں کے ساتھ ان کا نام جوڑ دیا گیا ہے۔ اب میرا یہ خیال ہے اور سننے میں یہ آیا ہے کہ پنجاب کی بیورو کریسی ان کو اس لیے ہاتھ نہیں لگاتی کیونکہ ان کے ساتھ بے نظیر شہید کا نام جڑا ہوا ہے۔ اب سزا کس کو مل رہی ہے، پاکستان کی عورت کو۔ میں حکومت پنجاب کو یہ یاد دلانا چاہتی ہوں کہ یہ crisis centres پہلی بار ان ہی کے دور حکومت میں، دو سنٹرز تہمینہ دولتانہ صاحبہ نے بحیثیت خواتین کی امور کی وزارت کے head ہونے کے بنائے تھے۔ اس لیے خدا کے واسطے ان سنٹرز کو اپنائیں اور ان میں جو لوگ مقیم ہیں ان کو وہ سہولیات دی جائیں جن کے وہ مستحق ہیں۔

جناب والا! اس کے ساتھ ایک سنٹر ہے جو اسلام آباد میں رہ گیا ہے۔ وہ centre Federal Capital کا تھا اس کو اب Human Rights Ministry کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ Human Rights Ministry نے پچھلے چار ماہ سے وہاں تنخواہیں نہیں دی ہیں۔ وہاں ستر لوگ، چھوٹے چھوٹے بچوں کے ساتھ بوڑھی خواتین رہتی ہیں۔ ان کے پاس کھانے کے لیے پیسے نہیں تھے۔ جب تک میرے پاس ریڈ کراس تھا، میں وہاں کچھ کھانے کے لیے supply بھیج دیتی تھی، اب وہ کھانے سے بھی گئے۔ ٹیلی فون آج وہاں کٹ چکا تھا، میں وہاں ٹیلی فون سے رابطہ نہیں کر سکی۔ بجلی پچھلے تین ہفتے سے کٹی ہوئی ہے۔ Human Rights Ministry کے پاس وسائل نہیں ہیں لیکن یہ

آدھے صفحے کا اشتہار، وزیر اعظم صاحب کی بیٹی جو کہ Ambassador at Large ہیں and I don't know how she has been appointed, I do not know the criterion for this appointment Mr. Chairman but somehow she is Ambassador at Large for women empowerment in this country. وہ چونکہ Human Rights Ministry کے کسی function میں تشریف لے جا رہی تھیں تو Human Rights Ministry نے ان کو greet کرنے کے لیے پاکستان کے ہر بڑے اخبار میں یہ آدھے صفحے کا اشتہار چھاپا ہے۔ جناب والا! جس وزارت کے پاس ملازمین کی تنخواہیں دینے کے لیے پیسے نہیں ہیں، خواتین کی protection کے لیے پیسے نہیں ہیں۔ ان کے کھانے پینے کے لیے پیسے نہیں ہیں، وہاں کی بجلی کٹ چکی ہے، ٹیلی فون نہیں ہے، وہ crisis centre ہے جہاں پردیسی خواتین ہوتی ہیں جو پہلے ہی مسائل کا شکار ہوتی ہیں۔ اگر ان پر رات کے وقت کوئی آفت آجاتی ہے تو اس کا کون والی وارث ہوگا۔ میں شدید احتجاج کرتی ہوں اور میں ہر صوبے کی حکومت کو اور وفاقی حکومت کو یہ اپیل کرتی ہوں کہ خواتین کے نام پر صرف تقاریر نہ کریں بلکہ عملی طور پر کچھ کرکے دکھائیں اور سب سے پہلے ان crisis centres کی ownership لیں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you Mohtarma Nilofar Bakhtiar sahiba. Maulana Sahib.

IV. Compensation for Flood-hit Areas

سینیٹر مولانا گل نصیب خان: شکریہ جناب چیئرمین۔ میرا point of order ہے۔ حکومت پاکستان نے مالاکنڈ ڈویژن میں operation اور سیلابی نقصانات کے پیش نظر بعض اضلاع کا زرعی قرضہ معاف کر دیا تھا اور حکومت نے اسی سلسلے میں اعلان بھی کیا تھا اور اس پر عمل درآمد بھی ہو رہا تھا۔ اس اعلان سے دیر بالا، دیر پائین اور ضلع شانگلہ کو مستثنیٰ قرار دیا گیا تھا۔ جس کا کوئی اخلاقی اور قانونی جواز نہیں تھا۔ اسی وجہ سے کہ جو مشکلات مالاکنڈ کے دیگر اضلاع میں تھیں ان سے بڑھ کر سیلاب اور operation کی تباہ کاریوں سے ضلع شانگلہ، ضلع دیر پائین اور دیر بالا ایسے ہی متاثر ہوئے تھے جس طرح باقی اضلاع تھے۔ اس پر میں نے سینیٹ میں سوال جمع کروایا تھا جو 29 مارچ کے اجلاس میں آ گیا۔ اس سوال میں ہم نے ضمنی سوالات کئے تو اس وقت وزیر مملکت برائے خزانہ جواب وزیر خارجہ ہیں حنا ربانی کھر صاحبہ نے، اپنی حکومت اور ٹیم سے مشاورت کرنے کے بعد، ایوان میں کھڑی ہو کر کہا کہ ہم نے

ان تینوں اضلاع کو زرعی قرضے معاف کرنے کے اعلان میں شامل کر دیا۔ پھر یہ کہا کہ آپ کی تسلی کے لئے آپ لوگ جب بھی چاہیں اس عنوان سے میرے ساتھ ملاقات کریں۔ اس کے بعد ملاقات بھی ہو گئی۔ آج اکتوبر کی آخری تاریخ ہے اور کل سے نومبر شروع ہونے والا ہے۔ آج تک اس اعلان پر عمل درآمد نہیں کیا گیا۔ جناب چیئرمین! ہزاروں لوگ ہمارے ساتھ رابطے میں ہیں۔ اخبارات میں یہ اعلان ہوا ہے۔ اسی ہاؤس کے floor پر وزیر مملکت برائے خزانہ نے اعلان کیا ہے۔ لہذا، اگر حکومت صرف ٹرخانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے یا ممبران کو دلاسا دینے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے تو میرے خیال میں اس جمہوری سسٹم کے حوالے سے، یہ مناسب نہیں ہے۔ اس وقت آپ کی وساطت سے حکومت سے درخواست ہے کہ وہ یہ یقین دہانی کرائے کہ جو اعلان وزیر مملکت برائے خزانہ نے کیا ہے اس کو عملی جامہ پہنائے اور اس کی پوری کارروائی تقریباً مکمل ہوئی ہے۔ اس کارروائی کی فائل سیکرٹری برائے Prime Minister کے پاس پڑی ہے لہذا اس کے حوالے سے حکومت اس ایوان کو یہ تسلی دے کہ اس پر عمل درآمد شروع ہو جائے گا۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Thank you Maulana *Sahib*. Yes, Zahid Khan *Sahib*.

سینیٹر محمد زاہد خان: شکریہ چیئرمین صاحب۔ جس طریقے سے مولانا گل نصیب خان نے کہا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ دیر لوئر تو شانگلہ اور چترال سے بھی زیادہ ان دونوں حالات میں متاثر ہوا ہے چاہے وہ سیلاب کی تباہ کاری ہو یا دہشت گردی کے خلاف جو operation ہوا ہے اس میں آپ دیکھیں۔ اس واقعہ کو تقریباً سال ہونے والا ہے کہ جب ہم نے اس ہاؤس میں اٹھایا تھا تو اس وقت وزیر مملکت نے وعدہ کیا تھا لیکن بد قسمتی ہے اس ملک کی اور ہماری، مجھے اس حکومت کی سمجھ نہیں آتی ہے کہ ہمارے جو وزیر خزانہ ہیں وہ اب بھی ہمیں نہیں ملتا۔ اس سے کیا بات کی جائے؟ بلکہ اس وقت تو وہ suspend ہے۔ جب بھی اس کو ٹیلی فون کر دو تو وہ کہتے ہیں کہ میٹنگ میں بیٹھا ہوا ہے یا busy ہے۔ مجھے Law Minister *Sahib* یہ تو بتائیں کہ ایک بندہ جو وزیر ہے اس کی ممبرشپ suspend ہے، تو کیا وہ legal کام کر رہا ہے یا illegal کام کر رہا ہے؟ اگر illegally کام کر رہا ہے تو اس حکومت کی سمجھ میں نہیں آتی کہ کیا کر رہا ہے؟ جس طریقے سے وہ کہتے ہیں اگر ایک وعدہ آپ نے کیا ہے۔ عوام کی جو تکالیف ہیں، آپ ان کو ختم کر دیں۔ ہم جب بھی ٹیلی فون کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ میٹنگ میں ہیں۔ جب فون کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ Prime Minister کے پاس گئے

